Series SHC/1

Code No. **251/1/1**

Roll No. | | | | | | | | رول نمبر

- Please check that this question paper contains **8** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **24** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**

# ECONOMICS

# معاشیات

## (Urdu Version)

Time allowed : 3 hours] [Maximum marks : 100

مقررہ وقت : 3 گھنٹے کل نمبر : 100

عام ہدایات :

(i) دونوں حِصّوں کے سبھی سوال لازمی ہیں۔

(ii) ہر سوال کے مقررہ نمبر اس کے سامنے درج ہیں۔

(iii) سوال نمبر 1 اور 13 مختصر الجواب قسم کے سوال ہیں۔ جن کا ہر ایک حِصّہ 1 نمبر کا ہے۔ ان کا جواب صرف ایک جملے میں ہی دیا جانا چاہئے۔

(iv) سوال نمبر۔ 2 تا 5 اور 14 تا 17 مختصر الجواب والے سوال ہیں۔ جن میں ہر ایک کے 3 نمبر ہیں۔ ان کا جواب 60 الفاظ سے زیادہ نہیں ہونا چاہئے۔

(v) سوال نمبر 6 تا 9 اور 18 تا 21 بھی مختصر الجواب والے سوال ہیں۔جن میں ہر ایک سوال 4 نمبر کا ہے۔ان کا جواب 70 الفاظ سے زائد نہیں ہونا چاہئے۔

(vi) سوال نمبر 10 تا 12 اور 22 تا 24 طویل الجواب ہیں۔ان میں ہر ایک سوال کے 6 نمبر ہیں۔ ان کا جواب 100 الفاظ سے زیادہ نہیں ہونا چاہئے۔

(vii) جوابات مختصر اور صحیح ہونے چاہئیں اور جتنا ہو سکے اوپر دی ہوئی الفاظ کی حدود کے تحت ہی ہونے چاہئیں۔

(viii) ہر سوال کے حِصّوں کا جواب ایک ہی جگہ پر دیا جانا چاہئے۔

## Section - A

## حِصّہ ۔الف۔

1۔ درج ذیل سوالوں کے جواب لکھئے۔ 1x4

(i) معاشی مسئلہ کیوں پیدا ہوتا ہے؟

(ii) موقع لاگت کی تعریف لکھئے۔

(iii) پیداوار کا ممکن خط منحنی (Production Possibility Curve) کا داہنی طرف کھسکنا کیا ظاہر کرتا ہے ؟

(iv) جُزوی معاشیات کی تعریف بیان کیجئے۔

2۔ صارف کی آمدنی میں اضافے کا شے کی طلب [مانگ] پر اثر بیان کیجئے۔ 3

3۔ رسد [سپلائی] میں اضافے کے تین اسباب بتایئے۔ 3

4۔ حاشیائی لاگت اور اوسط لاگت کے درمیان تعلق سمجھایئے۔ 3

5۔ ایک ڈائی گرام کی مدد سے "پیدا کار کا توازن" (Producer's Equilibrium) کی وضاحت کیجئے۔ 3

نوٹ :

صرف نابینا طلبا اور طالبات کے لئے سوال نمبر 5 کے بدلے۔

پیدا کار کا توازن (Producer's Equilibrium) کا مطلب اور اس کی شرائط سمجھایئے۔

6۔ ایک صارف ایک شے کی 3 روپے فی اکائی پر 40 اکائیاں خریدتا ہے۔ جب شے کی قیمت بڑھ کر چار روپے فی اکائی ہو جاتی ہے تو وہ 30 اکائیاں خریدتا ہے۔ کل خرچ طریقے سے مانگ کی قیمت لوچ معلوم کیجئے۔ 4

یا

ایک صارف 5 روپے فی اکائی پر ایک شے کی 80 اکائیاں خریدتا ہے ۔ مان لیجئے کہ قیمت مانگ لوچ (-) 2 ہے۔ کس قیمت پر وہ 64 اکائیاں خریدے گا۔

7۔ (i) پیداوار فنکشن (ii) سپلائی (iii) محاصل (revenue) اور (iv) لاگت کے معنی بتایئے۔ 4

8۔ ایک فرم کی کُل قائم لاگت (fixed cost) 10 روپے ہے۔ اور اس کی لاگت شیڈول نیچے دی گئی ہے۔ کُل متغیرہ لاگت (total variable cost) اور کُل لاگت معلوم کیجئے۔ 4

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| پیداوار (اکائیاں) | Output (units) | 1 | 2 | 3 | 4 |
| حاشیائی لاگت (روپے) | Marginal cost | 6 | 5 | 4 | 6 |

9۔ ایک شے کی دی ہوئی قیمت پر مانگ زیادہ (زائد مانگ) ہے۔ ''قیمت توازن'' کو کیسے پہنچے گی سمجھایئے۔ ڈائی گرام کا استعمال کیجئے۔ 4

نوٹ:

صرف نابینا طلبا اور طالبات کے لئے سوال نمبر 9 کے بدلے

ایک شے کی زائد مانگ سے کیا مطلب ہے؟ ان تبدیلیوں کو بیان کیجئے جو بازار میں ''توازن قیمت'' کی حالت لائیں گی۔

10۔ درج ذیل میں فرق بتایئے۔ 6

(i) انفرادی مانگ (Individual demand) اور بازار مانگ (Market demand)

(ii) مانگ میں تبدیلی (change in demand) اور مانگ کی مقدار میں تبدیلی (change in quantity)

11۔ کُل مادی پیداوار (total physical product) کے روپ میں متغیرہ تناسب قانون (Law of variable proportion) کے مختلف دور (Phases) بتائیے۔ ڈائی گرام کا استعمال کیجئے۔ 6

نوٹ:

صرف نابینا طلبا اور طالبات کے لئے سوال نمبر 11 کے بدلے۔

کُل مادی پیداوار (total physical product)

اور حاشیائی مادی پیداوار ((marginal physical product)

دونوں کے روپ میں متغیرہ تناسب قانون (law of variable proportions)

کے مختلف دور (Phases) بتائیے۔

12۔ مکمّل مسابقت (perfect competition) کی درج ذیل خصوصیات سمجھائیے۔ 6

(i) خریداروں اور بیچنے والوں کی بڑی تعداد۔

(ii) یک جنس پیداوار (homogeneous product)

یا

درج ذیل کی وضاحت کیجئے۔

(i) مکمل مسابقت کی خصوصیت ''بے روک ٹوک آنا جانا'' (آنے جانے کی آزادی)

(ii) اجارہ دارانہ مسابقت کی خصوصیت ''پیداواری امتیاز'' (differentiated product)

## Section - B

## حصہ۔ب

13۔ درج ذیل سوالوں کے جواب لکھئے۔ 1×4

(i) کُلّی معاشیات کی تعریف لکھئے۔

(ii) کُلّی معاشیات کے مطالعہ کی دو مثالیں دیجئے۔

(iii) ایک مُلک کے ''بھگتان توازن کھاتے'' میں کیا درج کیا جاتا ہے۔

(iv) ''توازن تجارت کھاتے'' میں شامل کی جانے والی مدوں کے نام بتایئے۔

14۔ درج ذیل اعداد و شمار سے نجی آمدنی کا شمار کیجئے۔ 3

(روپے کروڑ میں)

| | |
|---|---|
| (i) قومی قرضے پر سُود | 30 |
| (ii) بازار قیمت پر خام قومی پیداوار | 400 |
| (iii) سرکار سے حاصل چالو متبادل (تبادلے) | 20 |
| (iv) خالص بلواسطہ ٹیکس | 40 |
| (v) خالص باقی دنیا سے حاصل دیگر چالو متبادل (تبادلے) | (–) 10 |
| (vi) سرکار کو حاصل خالص گھریلو پیداوار عامل لاگت پر | 50 |
| (vii) مقررہ (قائم) اصل کا صرف | 70 |

15۔ سرمایہ کاری میں 200 کروڑ روپے کے اضافے سے قومی آمدنی میں 1,000 کروڑ روپے کا اضافہ ہوتا ہے۔ صرف کا حاشیائی رُجحان معلوم کیجئے۔ 3

16۔ (i) غیرارادی بے روزگاری (involuntary unemployment)

(ii) مکمل روزگاری (full employment) اور

(iii) کم روزگار توازن (under employment equilibrium) کا مطلب بتائیے۔ 3

17۔ زرمبادلہ (غیرملکی کرنسی) کی مانگ اور سپلائی کے تین تین ماخذ بتائیے۔ 3

18۔ زر کا مطلب بتائیے۔ زر کی ''قدر کے ذخیرے'' کے طور پر کام کی وضاحت کیجئے۔ 4

یا

مُبادلہ (بارٹر) کیا ہے؟ زر کا ملتوی ادائیگیوں کے معیار کے طور پر کام سمجھائیے۔

19۔ کمرشیل بینک کا جمع قبول کرنے کا کام سمجھائیے۔ 4

20۔ محاصل وصولیابیوں اور پونجی وصولیابیوں (اصل کی وصولیابیوں) کے درمیان فرق بتائیے اور ہرایک کی دو دو مثالیں بھی دیجئے۔ 4

21۔ مالی خسارہ (مالی گھاٹا) کسے کہتے ہیں؟ اور اس کے کیا اثرات ہوتے ہیں۔ 4

22۔ درج ذیل اعداد و شمار سے ''قومی آمدنی'' اور ''خام قومی قابل صرف آمدنی'' کا شمار کیجئے۔ 4+2

(روپے کروڑ میں)

| | |
|---|---|
| (i) سرکار سے حاصل چالو متبادل (رواں تبادلے) | 15 |
| (ii) نجی آخری صرف اخراجات (خرچ) | 400 |

(iii) خالص باقی دنیا سے حاصل دیگر چالو متبادل (رواں تبادلے) 20

(iv) سرکاری آخری صرف خرچ 100

(v) خالص عامل آمدنی بیرونی (-)10

(vi) خالص گھریلو اصل تشکیل 80

(vii) قائم (مقررہ) اصل خرچ 50

(viii) خالص برآمدات 40

(ix) خالص بالواسطہ ٹیکس 60

23۔ قومی آمدنی ناپنے کا پیداوار طریقہ سمجھائیے۔ 6

یا

قومی آمدنی ناپنے کا آمدنی طریقہ سمجھائیے۔

24۔ ایک معیشت میں زائد مانگ کے مسئلہ کو ڈائی گرام کی مدد سے سمجھائیے۔
اسے ٹھیک کرنے میں بینک کی شرح کا رول سمجھائیے۔ 6

نوٹ۔

صرف نابینا طلبا وطالبات کے لئے سوال نمبر **24** کے بدلے۔

''زائد مانگ'' اور ''مانگ کا خسارہ'' کا مطلب سمجھائیے۔ زائد مانگ کو ٹھیک کرنے کے لئے بینک کی شرح کا رول سمجھائیے۔